# نیلامی عام ماسکیٹ/جھاڑیاں/بیریاں

پی اے ای سی فاؤنڈیشن اپنے زیر استعمال تقریباً 2700 ایکڑ رقبہ نزد واں بچراں پر ماسکیٹ، بیریوں اور دیگر اقسام کی جھاڑیوں کی صفائی و کٹائی اور جڑ سے نکالنے کے لیے مندرجہ ذیل اہلیت کی فرموں/ افراد سے پیشکش مطلوب ہے۔ فرمیں/ افراد کسی وقت بھی مجاز افسر سے رابطہ کر کے رقبہ کا معائنہ کر سکتی ہیں۔ پیشکش میں حصہ لینے کی خواہشمند فرمیں/ افراد مورخہ 13-06-2025 کو صبح 10 بجے تک اپنی پیشکش بمعہ شناختی کارڈ کی کاپیاں اور مبلغ -/250,000 روپے کیش یا پے آڈر/ ڈرافٹ بنام PAEC Foundatoin (بطور زرِ ضمانت) پی اے ای سی فارم ہرنولی روڈ واں بچراں میں جمع کروائیں گے۔ پیشکش بند لفافے میں فرم/ فرد کی اہلیت (سابقہ کام کا تجربہ مشینری، لیبر وغیرہ) کی تفصیل کے ساتھ جمع کرانا ہوگی۔ بند پیشکشیں اسی دن 11 بجے پیشکش میں حصے لینے والی فرموں/ افراد کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔ کامیاب پیشکش دھندہ فرم/ فرد کو چار ماہ کی مدت میں جھاڑیوں کی کٹائی وصفائی مکمل کرنا ہوگی۔

شرائط برائے اہلیت

1۔ فرم مالی طور پر مستحکم ہو اور ایسے کاموں کا تجربہ رکھتی ہو اور اچھی شہرت کی حامل ہو۔

2۔ جھاڑیوں کی کٹائی وصفائی اور جڑ سے نکالنے کے لیے متعلقہ ضروری مشینری ٹریکٹر ٹرالی، ایکسیویٹر وغیرہ اور لیبر کی حامل ہو۔

3۔ فرم کے نمائندگان اور کارکنان اچھے کردار کے حامل ہوں کیونکہ انہیں محکمانہ قواعد وضوابط کی پاسداری کرنی ہوگی۔

دیگر شرائط:

1۔ کامیاب پیشکش دہندہ کو رقم کا 10 فیصد (بشمول زرضمانت) کنٹریکٹ منظور ہونے کے بعد بطور ضمانت جمع کروانے ہوں گے۔ جو کہ کام مکمل ہونے کے بعد واپس کیے جائیں گے۔ کام مکمل نہ کرنے کی صورت میں زرضمانت ضبط ہو جائے گی۔

2۔ کامیاب پیشکش دہندہ ہر 250 ایکڑ کی صفائی کے بعد 250 ایکڑ کے پیسے، مزید کٹائی سے پہلے جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

3۔ جھاڑیوں کی کٹائی ترتیب سے، فیلڈ سپروائزر کی ہدایت کے مطابق کی جائے گی۔

4۔ کٹائی وصفائی صرف جھاڑیوں اور جھاڑی نما درختوں کی ہوگی۔ مفید درختوں کو بچانا ہوگا۔

5۔ دوران کام محکمہ کی تنصیبات کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچائے گا۔ نقصان ہو جانے کی صورت میں اس کا ازالہ فرم/ فرد ادا کرنے کا پابند ہوگا اور محکمہ ہذا کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

6۔ محکمہ ہذا درج بالا کام کو منظور کرنے یا مسترد کرنے اور عدم پاسداری قواعد وضوابط کی شکل میں معاہدہ منسوخ کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

7۔ مقرر کردہ تاریخ کو بولی ناکام ہونے کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 21-06-2025 کو دن 10:00 بجے کی جائے گی۔

8۔ تمام لاگو ٹیکس بذمہ فرم/ فرد ہوں گے۔

آفیسر مجاز

جی ایم فاؤنڈیشن (چشمہ)

پی اے ای سی فاؤنڈیشن فارم ہرنولی روڈ واں بچراں

0301-5440322 | 0306-9590626

16x3